REGD. No L 5254

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ۔ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ

الفضل

لاہور (پاکستان)

فون ۲۹۶۹

قیمت ۱/ ۱ آنہ

بدھوار ۲۸ ذیقعد ۱۳۶۹ھ

جلد ۴/۳۸ | ۱۳ تبوک ۱۳۲۹ ہش / ۱۳ ستمبر ۱۹۵۰ء | نمبر ۲۱۰

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ کی صحت

مکرم پرائیویٹ سکرٹری صاحب بذریعہ تار اطلاع دیتے ہیں۔

ڈرگ روڈ کراچی ۔ ۱۱ ستمبر ۔ حضور آج کچھ افاقہ محسوس کر رہے ہیں الحمد للہ

ڈرگ روڈ کراچی ۔ ۱۱ ستمبر۔ کھانسی کی اذیت بدستور ہے۔ البتہ درد نقرس میں افاقہ ہے۔

ڈرگ روڈ کراچی ۔ ۱۱ ستمبر ۔ حضور کو کھانسی کی تکلیف آج زیادہ ہے۔

احباب حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے دردِ دل سے دعائیں فرمائیں۔

دو ہفتوں میں آٹھ آدمیوں کا قبول اسلام

مکرم مولوی محمد منور صاحب فاضل مبلغ کسموں مشرقی افریقہ بذریعہ خط اطلاع دیتے ہیں کہ جولائی کے آخری دو ہفتوں میں اللہ کے فضل سے آٹھ افراد نے اسلام قبول کیا ہے۔ احباب کرام ان کی استقامت کے لئے دعا فرماتے رہیں۔ نیز اپنے مجاہد بھائی کو بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ بہت سے لوگوں کو صراط مستقیم دکھلائے۔ اور افریقہ کے دور دراز ممالک میں اسلام و احمدیت کی فتح ہو۔

خان لیاقت نے سیلاب زدہ علاقے کا دورہ کیا

لاہور ۔ ۱۲ ستمبر ۔ آج پاکستان کے وزیر اعظم نے لاہور کے سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ کیا۔ لاہور میں اترنے سے پہلے آپ نے سیلاب زدہ علاقوں پر اڑان کی۔ اس کے بعد صوبائی حکام کے ساتھ شاہدرہ کا زیر آب علاقہ دیکھا۔ شالامار کا حفاظتی بند ملاحظہ فرمایا۔ اس کے بعد کارکنوں کے ایک جلسے کو خطاب کرتے ہوئے لاہور کے عوام کی بلند ہمتی۔ ان کا ہر کاری حکام سے تعاون اور مصائب کا خندہ پیشانی سے مقابلہ کرنے کے عزم کو سراہا۔ اور یقین دلایا۔ کہ مرکز مصیبت زدگان کی مدد میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرے گا تیسرے پہر آپ راولپنڈی کے لئے روانہ ہوگئے۔ آپ کے ہمراہ بیگم لیاقت علی خان۔ گورنر پنجاب سردار عبد الرب نشتر اور اور مسٹر اے ایس بی شاہ بھی پنڈی گئے۔ چک لالہ کے ہوائی اڈے پر وزیر امور کشمیر مسٹر گورمانی کمانڈر انچیف جنرل گریسی اور نامزد کمانڈر انچیف میجر جنرل محمد ایوب خان کے علاوہ مقتدر اعلیٰ سول و فوجی حکام نے آپ کو مرحبا کہا۔

عالم اسلام کے اتحاد کے لئے ہر اسلامی ملک کو اپنے بعض امتیازات قربان کرنا پڑیں گے

کراچی ۔ ۱۲ ستمبر ۔ آج یہاں اخبار نویسوں کی ایک کانفرنس کو خطاب کرتے ہوئے امام جماعت احمدیہ حضرت میرزا بشیر الدین محمود احمد ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اسلامی ممالک کے باہمی اتحاد کے سلسلے پر زور دیا۔ اور اس سلسلے میں بعض نہایت بیش قیمت تجاویز بیان فرمائیں۔ آپ نے فرمایا۔ اسلامی ممالک میں پایدار باہمی اتحاد کے قیام کی ایک ہی صورت ہے۔ کہ ہر ایک اسلامی ملک اور قوم اپنے بعض امتیازات عالم اسلام کے اتحاد کے حصول کے لئے قربان کر دے۔

سلامتی کونسل مسئلہ کشمیر کو جلد از جلد حل کرے ورنہ حالات نازک صورت اختیار کر جائینگے

لیک سکسیس ۔ ۱۲ ستمبر ۔ پاکستان کے وزیر خارجہ آنریبل چودھری محمد ظفر اللہ خان نے سلامتی کونسل پر زور دیا ہے کہ مسئلہ کشمیر کو جلد از جلد حل کیا جائے۔ آپ نے کل نیویارک میں پہنچتے ہی ایک بیان میں اس امر کا اظہار کیا۔ کہ اقوام متحدہ کے نمائندے سر اوون ڈکسن کی ان کے مشن میں ناکامی سے پاکستان کے عوام میں سخت بے چینی اضطراب اور غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی ہے۔ آپ نے کہا اب صرف امید کی ایک ہی جھلک ہے اور وہ یہ کہ سلامتی کونسل فریقین پر زور دے۔ کہ اس سمجھوتے کو عملی جامہ پہنوائے جو کونسل کی قراردادوں کے مطابق تشکیل پا چکا ہے۔ آپ نے کہا بین الاقوامی قرارداد ہی دراصل اس اہم مسئلے کا واحد حل ہے۔ آپ نے کہا اس معاملے میں معمولی سے معمولی تاخیر بھی خطرناک نتائج کی حامل ہو سکتی ہے۔ اور اگر پاکستان و ہندوستان سے اس نزاعی مسئلے کو جلد حل نہ کیا گیا۔ تو حالات کے بہت زیادہ نازک ہو جانے کا احتمال ہے۔

کوئٹہ ۔ ۱۲ ستمبر۔ کل بانی پاکستان قائد اعظم مرحوم کی تیسری برسی کے موقع پر بلوچستان کے قبائلی سرداروں نے ایک بار پھر پاکستان کی یکجہتی کے لئے ہر ممکن قربانی کرنے کے عزم صمیم کا اظہار کیا۔ اور ببانگ دہل اس امر کا اعلان کیا۔ کہ وہ اپنے کشمیری بھائیوں کو دشمن کے مظالم سے نجات دلا کر ہی دم لیں گے۔

جنیوا ۔ ۱۲ ستمبر ۔ سوئٹزرلینڈ کی حکومت کے تمام اشتراکی ملازم فوراً برطرف کر دئے جائیں گے کیونکہ تحقیقات سے پتہ چلا ہے کہ متعدد سرکاری ملازم پانچویں کالم سے تعلق رکھتے ہیں

ایمسٹرڈم ۔ ۱۲ ستمبر ۔ انڈونیشیا کو ولندیزی برآمد میں تقریباً ایک تہائی کی کمی ہو گئی ہے۔ جون میں خریداری ۳ کروڑ ۵۳ لاکھ تھی۔ جولائی میں صرف ۲ کروڑ ۲۰ لاکھ ہوئی۔

وزیر محنت پاکستان کی تقریحات

کراچی ۔ ۱۲ ستمبر ۔ پاکستان کے وزیر محنت آنریبل مسٹر جوگندر ناتھ منڈل نے حکومت ۔ کارخانوں کے مالکوں اور مزدوروں کی انجمنوں کے دوسرے اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے اس بات کا اعلان کیا کہ حکومت پاکستان کی پالیسی مزدوروں کی انجمنوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے اور ان کو ترقی دینا ہے۔ تاکہ غربا کی مشقت کا جو ناجائز فائدہ اٹھایا جا رہا ہے۔ اس کی روک تھام کی جا سکے۔ آپ نے یہ بھی بتایا کہ حکومت لیبر قوانین میں کیا کیا ترمیمیں کر چکی ہے

سیلاب سے ایک سو چھ افراد ہلاک ہوئے چار سو سترہ افراد لاپتہ ہیں۔ ۱۵۰ مربع میل علاقے میں فصل خریف کو نقصان پہنچا

میجر جنرل محمد اعظم کی پریس کانفرنس

لاہور ۔ ۱۲ ستمبر ۔ لاہور ایریا کے جنرل آفیسر کمانڈنگ میجر جنرل محمد اعظم نے آج ایک پریس کانفرنس میں مقامی اخبار نویسوں کو سیلاب کے اثرات اور تازہ ترین صورت حال سے مطلع کرتے ہوئے فرمایا۔ اگرچہ موجودہ سیلاب بہت زیادہ خطرناک ہونے کے باعث اپنا جواب نہیں رکھتا تھا۔ پھر بھی یہ امر باعث مسرت ہے کہ عوام نے اس بلائے ناگہانی کے وقت جرأت اور ہوشمندی سے کام لیا۔ اور کسی قسم کی گھبراہٹ یا خوف و ہراس کا اظہار نہیں کیا۔ لوگوں نے دیہات وغیرہ سے بھاگنے کی بجائے مقامی طور پر بچاؤ کی تدابیر اختیار کر کے اپنی جان اور مال کی حفاظت کی۔ اس سے حکومت کو بھی ریلیف کے کام میں بہت مدد ملی۔ اور طوفان کی ہولناکی کے مقابلہ میں جانی نقصان بہت کم ہوا۔ نقصان کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے آپ نے بتایا۔ کہ اندازاً ایک سو چھ آدمی ہلاک ہوئے ہیں۔ اس میں سب سے زیادہ تعداد ضلع لاہور کی ہے۔ جو اسّی افراد سے کچھ زیادہ ہے۔ سترہ جانیں سیالکوٹ میں اور نو کے قریب شیخوپورہ میں ضائع ہوئی ہیں۔ سیلاب کے باعث گوجرانوالہ سے جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ملی۔ قریباً چار سو سترہ اشخاص لاپتہ ہیں۔ صرف ضلع سیالکوٹ میں ہی قریباً دو سو گاؤں سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں اور ایک سو پچاس مربع میل کے علاقے میں خریف کی فصل کو کافی نقصان پہنچا ہے۔ ضلع سیالکوٹ کے شہری علاقے میں بارش اور سیلاب کی وجہ سے دو سو مکان منہدم ہوئے ہیں۔ سیلاب زدگان کو فوری امداد بہم پہنچانے کے سلسلے میں میجر جنرل محمد اعظم نے فوج۔ سول حکام اور عوام کی مساعی پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالی اور باہمی تعاون کے جذبے کو بے حد سراہا۔ آپ نے کہا۔ اس میں شک نہیں کہ سیلاب کی صورت میں ہم کو ایک بلائے ناگہانی سے دوچار ہونا پڑا۔ لیکن اس میں ایک بھلائی کی صورت بھی مضمر تھی۔ اور وہ یہ کہ اس نے ہم سب کو ایک دوسرے کے زیادہ قریب کر دیا۔ اور سب نے مل کر باہمی تعاون کی ایک ایسی مثال قائم کی۔ کہ جو واقعی ہم سب کے لئے اپنے اندر نیک شگون لئے ہوئے ہے۔ تقریر جاری رکھتے ہوئے آپ نے فرمایا۔ اگرچہ سیلاب کا پانی اکثر مقامات سے اتر چکا ہے۔ لیکن سلسلہ مواصلات کو شدید نقصان پہنچنے کی وجہ سے بعض علاقوں میں ابھی تک ہوائی جہازوں کے ذریعہ خوراک پہنچائی جا رہی ہے۔ تمام علاقوں میں ریلیف اور بحالی و آبادکاری کے اطلاعاتی مرکز کھول دئے گئے ہیں اور ان کے ذریعہ حاصل ہونے والی معلومات کے مطابق امداد بہم پہنچانے کے سلسلے میں فوری اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ علاوہ ازیں مستقل بحالی کا کام کم سے کم عرصے میں سرانجام دینے کیلئے ایک کمیٹی مقرر کر دی گئی ہے جو نہایت تیزی سے کام کر رہی ہے۔ سب سے زیادہ توجہ ذرائع و مواصلات کو درست کرنے کی طرف دی جا رہی ہے۔ اسی طرح وباؤں کو روکنے کے سلسلہ میں بھی مناسب اقدامات جاری ہیں۔ ہوائی جہاز کے ذریعہ ڈی ڈی ٹی پھیلانے کا کام کیا جا رہا ہے

(نامہ نگار)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ایڈیٹر:۔ روشن دین تنویر بی اے ایل ایل بی

مسعود احمد پرنٹر و پبلشر نے پاکستان ٹائمز پریس لاہور میں چھپوا کر ۳ میکلیگن روڈ لاہور سے شائع کیا۔

حضرت امیر المؤمنین ایدہ اللہ کی سندھ سے کراچی میں تشریف آوری

(از مکرم پرائیویٹ سیکرٹری صاحب حضرت امیر المؤمنین ایدہ اللہ تعالیٰ)

سندھ اسٹیٹوں کا دورہ ختم کر کے حضور اقدس ۳۱/ ۵۰ء کو کراچی کے لئے روانہ ہوئے تمام اسٹیٹوں کے مینیجر صاحبان اور اکونٹنٹ صاحبان میٹنگ میں شمولیت کے لئے ناصر آباد تشریف لائے ہوئے تھے وہ تمام اور ناصر آباد اسٹیٹ کے ساکنین حضور اقدس کو الوداع کہنے کے لئے اسٹیشن پر آئے ہوئے تھے۔ سب نے حضور اقدس اور قافلہ کو گاڑی پر سوار ہونے میں مدد دی۔ اور اپنے پیارے آقا کو الوداع کہا۔ فجزاھم اللہ

گاڑی ساڑھے سات بجے شاہ میرپور پہنچی۔ احباب جماعت استقبال کے لئے اسٹیشن پر موجود تھے مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب صدیقی نے حضور اقدس معہ اہل بیت کی خدمت میں شام کا کھانا پیش کیا۔ اور قافلہ کے تمام افراد کی کھانے سے تواضع کی۔ گاڑی ½ ۸ بجے شام روانہ ہوئی۔ اور گیارہ بجے کے قریب حیدر آباد سندھ پہنچی۔ احباب جماعت نے جو پہلے ہی وہاں حضور کی آمد کا انتظار کر رہے تھے استقبال کیا۔ سید غلام مرتضےٰ شاہ صاحب نے قافلہ کے لئے اور سامان کے لئے کاروں اور ٹرک کا انتظام کیا ہوا تھا۔ محمود احمد صاحب ہیڈ کلرک اسٹیشن کوٹری نے ہمارے ساتھ خاص طور پر تعاون کیا اور ہر طرح کی ممکن امداد مہیا کی۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر دے آمین

یکم ستمبر کو ساڑھے نو بجے مقامی جماعت کی خواہش پر حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز بعض خدام کے ہمراہ بذریعہ کار لوئر کوٹری بیراج دیکھنے کے لئے تشریف لے گئے یہ مقام حیدر آباد سے قریباً پندرہ میل کے فاصلہ پر ہے۔ وہاں کے انچارج سپرنٹنڈنگ انجنیئر صاحب نے مشینیں دکھائیں اور نقشہ جات دکھائے۔ جن کو حضور دلچسپی سے ملاحظہ فرماتے رہے۔ بارہ بجے کے قریب حضور اقدس واپس تشریف لائے۔ وہاں سے ساڑھے بارہ بجے بعض نمائندگان اخبارات کو جن میں ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان۔ سول اینڈ ملٹری گزٹ۔ ہلال پاکستان۔ آفتاب اور وائس آف سندھ حیدرآباد کے نمائندے شامل تھے حضور نے شرف ملاقات بخشا۔ دوران ملاقات میں انہوں نے مختلف سوالات کئے جن میں پردہ اور کمیونزم کے متعلق ان کے سوالات نمایاں رنگ رکھتے تھے۔ حضور نے ان کے جوابات میں بتایا کہ اسلام ان امور کے متعلق دنیا کے سامنے کیا تعلیم پیش کرتا ہے۔ اس کے بعد حضور نے کراچی سکھر شکارپور۔ نواب شاہ۔ بدین۔ ڈگری۔ سانگھڑ اور مقامی جماعت کے ان تمام دوستوں کو شرف مصافحہ بخشا جو حضور کی آمد کی خبر سنکر دور و نزدیک سے حیدر آباد تشریف لائے ہوئے تھے۔ اور حضور کی قیام گاہ پر جمع تھے

بعد ازاں سید غلام مرتضےٰ شاہ صاحب نے جن کے بنگلہ پر قیام تھا۔ کھانا کھلایا۔ اس کے بعد حضور نے خطبہ جمعہ پڑھا اور نماز پڑھائی:-

خطبہ جمعہ میں حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ نے نماز قصر کے مسئلہ پر روشنی ڈالی اور بتایا کہ ہمارے ملک میں سفر کی نمازوں کے متعلق جو قصر کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے یہ درحقیقت ایک غلط محاورہ ہے جو استعمال ہو رہا ہے۔ قرآن کریم نے قصر کا لفظ صرف نماز خوف کے متعلق استعمال کیا ہے۔ کیونکہ اس موقع پر اسے چھوٹا کرنے کی اجازت ہے۔ باقی سفر کی نماز چھوٹی نہیں کی جاتی۔ بلکہ اتنی ہی پڑھی جاتی ہے جتنی ابتدا میں اللہ تعالےٰ نے مقرر فرمائی تھی۔ بعد میں سفر کی نماز تو اتنی ہی رہی لیکن حضر کی نماز دگنی کر دی گئی۔

پانچ بجے شام چوہدری محمد سعید صاحب رئیس خلف حضرت نواب محمد دین صاحب مرحوم نے اپنے مکان پر عصرانہ پیش کیا۔ وہاں سے حضور اقدس لیکچر کے لئے تھیوسافیکل ہال تشریف لے گئے اور "اسلام اور کمیونزم" کے موضوع پر ڈیڑھ گھنٹہ کے قریب تقریر فرمائی۔ صدر جلسہ مکرم محمد حافظ صاحب بار ایٹ لا ریٹائرڈ I.C.S اور ڈپٹی کلکٹر تھے حضور نے اسلام اور کمیونزم کے اختلاف پر تفصیلی طور پر روشنی ڈالتے ہوئے مندرجہ ذیل نکات بیان فرمائے۔

اوّل:- اسلام کی بنیاد ایک ایسے خدا کی ذات پر ہے جو زندہ اور فعال ہے۔ لیکن کمیونزم کے بانی اپنی کتب میں واضح طور پر کہتے ہیں۔ دنیا کا کوئی خدا نہیں۔ بلکہ وہ خدا تعالےٰ سے تمسخر کرتے ہیں اور اس کی ذات پر ایمان لانے والوں کو بیوقوف قرار دیتے ہیں۔ ابتدائی ایام میں روس میں ایسے تماشے بھی دکھائے جاتے تھے۔ جن میں خدا تعالیٰ کو ایک مجرم کی حیثیت میں . . . . مش کیا جاتا تھا۔ اور پھر اس مجسمہ کو پھانسی کے تختہ پر لٹکایا جاتا تھا۔ ایسی صورت میں ایک مسلم کہلانے والے کا کمیونزم کے ساتھ جوڑ ہی کیا ہو سکتا ہے۔

دوم:- کمیونزم مذہب کا مخالف ہے اور اس کا سارا سسٹم ایسا ہے جو مذہب کو تباہ کرنے والا ہے۔ ہمارے مشن اسوقت قریباً تمام ممالک میں ہیں۔ لیکن روس میں ہم نے ایک دفعہ اپنا مبلغ بھیجا تو اسے سخت دکھ دیئے گئے اور آخر انہوں نے اپنے ملک سے باہر نکال دیا۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ کمیونزم میں مذہب کی کوئی جگہ نہیں۔

سوئم:- اسلام کی بنیاد روحانی صفائی پر ہے۔ لیکن کمیونزم یہ کہتی ہے کہ روح کوئی چیز نہیں اور یہ کہ دنیوی مسائل کو کلی طور پر ماديات کے ساتھ حل کیا جا سکتا ہے۔ اس کا خیال ہے روحانیت کو پیش کرنے سے غرباء کو نقصان پہنچتا ہے اور ان کے حقوق تلف ہوتے ہیں

چہارم:- اسلام کی بنیاد نبوت پر ہے لیکن کمیونزم کے نزدیک سارے نبی نعوذ باللہ جھوٹے اور مفتری تھے بلکہ مذہب کے بانی ان کے نزدیک . . . . امراء کے ایجنٹ تھے تاکہ امراء ترقی کرتے جائیں اور غرباء ہلاک ہوتے جائیں۔

پنجم:- اسلام کی بنیاد کلام الٰہی پر ہے لیکن کمیونزم کے نزدیک یہ کوئی چیز نہیں۔

ششم:- اسلام کی بنیاد بعث بعد الموت پر ہے لیکن کمیونزم اس کے بالکل خلاف ہے گویا کمیونزم ہمارے پنج ارکان اسلام کے ہی خلاف ہے۔ اور جب اس کا اسلام کے ساتھ اس قدر بنیادی اختلاف ہے تو ایک باغیرت اور سمجھدار مسلمان کس طرح کہہ سکتا ہے کہ میں مسلمان بھی ہوں اور کمیونسٹ بھی۔ جماعت کے دوستوں کے علاوہ جلسہ میں تین سو کے قریب غیر احمدی معززین بھی موجود تھے جو بے حد متأثر ہوئے اور صدر جلسہ نے بھی اپنے صدارتی ریمارکس میں تقریر کی بہت تعریف کی۔

شام کے کھانے کے لئے مرزا مقصود احمد صاحب نے حضور اقدس مع اہل بیت کو مدعو کیا ہوا تھا۔ وہاں سے حضور اقدس دس بجے واپس تشریف لائے

ریزرویشن کے سلسلہ میں اور گاڑی پر قافلہ کو سوار کرانے کے سلسلہ میں جناب مکرم ڈاکٹر عبدالحمید صاحب اور محمود احمد صاحب نے بہت امداد دی۔ اللہ تعالےٰ انہیں جزائے خیر دے۔

صبح سات بجے گاڑی ملیر اسٹیشن پر پہنچی احباب جماعت حضور اقدس کے استقبال کے لئے موجود تھے اور قطاروں میں کھڑے انتظار کر رہے تھے۔ حضور اقدس کو گاڑی سے اترتے ہی جماعت کے احباب نے ہار پہنائے۔ حضور اقدس نے احباب کو شرف معانقہ بخشا۔ حضور اقدس ایک جگہ کھڑے ہو گئے اور تمام احباب جماعت نے مصافحہ کیا۔ اور اپنے آقا سے عقیدت کا اظہار کیا۔ جماعت کی طرف سے افراد کے لئے کاروں اور سامان کے لئے ٹرکوں کا انتظام کیا ہوا تھا۔ خدام الاحمدیہ کے اراکین نے سامان۔ لدوانے میں مدد دی اور نہایت تندہی سے اور دلچسپی سے ٹرکوں پر سامان لدوا دیا۔ حضور اقدس، تمام قافلہ سمیت جائے رہائش پر بخیریت پہنچ گئے۔ یہاں جماعت نے قافلہ کے لئے ایک بہت بڑی کوٹھی کا انتظام کیا ہوا ہے اور حضور کے قیام کے دوران میں جماعت نے اپنے اخلاص کا اظہار کرتے ہوئے حضور اقدس کی خدمت میں اتنے ایام کی مہمان نوازی قبول کرنے کی درخواست کی۔ جسے حضور اقدس نے قبول فرما لیا۔ کوٹھی میں بجلی اور پانی کا انتظام نہ تھا۔ جماعت نے گیسوں کا خاطر خواہ انتظام کیا ہوا ہے اور پانی ٹرک پر لا کر استعمال کے لئے مہیا کیا جاتا ہے۔

اللہ تعالےٰ سے دعا ہے کہ جن احباب نے حضور اقدس کے سفر کے دوران میں۔ حضور اقدس اور افراد قافلہ کی خدمت کی ہے۔ اور جو احباب کر رہے ہیں۔ اللہ تعالےٰ انہیں بہت بہت جزائے خیر دے اور ان پر اپنے افضال نازل فرمائے آمین۔

وفات

میری بیٹی نعیمہ شمیم عمر ۲۰ سال زوجہ عزیز عبداللطیف خان تاثیر ایڈیٹر المصلح کراچی عرصہ سے دل کی تکلیف سے بیمار تھیں مورخہ ۳۱ راگست ۵۰ء بروز جمعرات بوقت صبح کراچی میں وفات پا گئیں انا للّٰہ وانا الیہ راجعون۔ جنازہ مکرم سید احمد علی صاحب مبلغ نے پڑھایا۔ احباب جماعت کثرت سے شامل ہوئے۔ امانتاً کراچی میں دفن کی گئیں۔

خدا تعالےٰ نے ایسے حالات پیدا کئے کہ مرحومہ کی والدہ۔ مرحومہ کی وفات سے ایکدن قبل ربوہ سے کراچی پہنچ گئیں، اور مرحومہ نے والدہ سے اچھی طرح باتیں کیں۔ آخری وقت تک ہوش و حواس درست رہے

مرحومہ بے حد اور سیع دوسروں کی ہمدردی رکھتی تھیں۔ جتنا تھوڑا عرصہ ازدواجی زندگی بسر کی محبت سے گذاری۔ نمازوں کی پابند اور خدا تعالیٰ سے محبت رکھتی تھیں۔ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ اور سلسلہ سے اخلاص تھا۔ وصیت کی ہوئی تھی

احباب کرام سے درخواست ہے کہ مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت فرمائیں۔ (خاکسار پیر خلیل احمد ہیڈ کلرک نظارت)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روز نامہ الفضل لاہور مورخہ ۱۳ر ستمبر ۱۹۵۰ء

دینی باتوں کے لئے متانت ضروری ہے

معاصر روزنامہ "تعمیر" راولپنڈی نے اپنی اشاعت ۳ر ستمبر ۱۹۵۰ء میں "پھول اور کانٹے" کے مزاحیہ کالم میں ایک مزاحیہ سپرد قلم فرمایا ہے۔ جس میں نہ صرف معاصر نے احمدیت اور احمدیت کے واجب الاحترام پیشوا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے متعلق نہایت رکیک انداز استہزاء و تمسخر اختیار کیا ہے۔ بلکہ اپنی تحقیقات کا انحصار محض بے سر و پا بازاری گپوں پر رکھا ہے۔ اس پر مزید یہ کہ معاصر نے موضوع بحث مولوی شبیر احمد صاحب عثمانی کے رسالہ "الشہاب" کی ضبطی کو بنایا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر یہ رسالہ معاصر کی نظر میں اتنا ہی وقیع تھا جتنا کہ اس نے ظاہر کیا ہے۔ تو کیا اس کے دفاع کے لئے "پھول اور کانٹے" کا مزاحیہ کالم ہی رہ گیا تھا۔

کیا یہ بات انتہائی حد تک افسوسناک اور درد انگیز نہیں ہے۔ کہ دین جیسی سنجیدہ باتوں کو آج کا مسلمان ادیب نہ صرف اتنی وقعت دیتا ہے۔ کہ چند سنی سنائی باتوں کو لیکر دوسروں کے اعتقادات اور دوسروں کے قابل احترام بزرگوں پر استہزا اور تمسخر کی بوچھاڑ کرتا ہے۔ بلکہ خود ایسی باتوں کے دفاع کے لئے جن کو وہ خود اپنے نزدیک بھی نہایت قابل احترام سمجھتا ہے۔ اپنے اخبار کا ایسا کالم منتخب کرتا ہے۔ جس کا وجود ہی سنجیدگی اور متانت کی نفی ہے۔

معاصر کے کالم نویس صاحب نہ صرف احمدیت کی تعلیم سے ہی نابلد معلوم ہوتے ہیں۔ بلکہ ہمیں ان کے انداز گفتگو سے اس امر کا یقین ہوتا ہے۔ کہ اپنی رسالہ "الشہاب" کے موضوع کا بھی علم نہیں ہے۔ اور آپکی تاریخ دانی تو مندرجہ ذیل بازاری گپ ہی سے واضح ہو جاتی ہے۔ آپ لکھتے ہیں:۔

"کسی زمانہ میں مرزا غلام احمد قادیانی نے امیر امان اللہ کو پیغام بھیجا کہ میں ظلی اور بروزی نبی ہوں وغیرہ وغیرہ" (روزنامہ تعمیر راولپنڈی ۳ر ستمبر ۱۹۵۰ء)

ان دوست کو اتنا بھی معلوم نہیں۔ کہ امیر امان اللہ خاں ۱۹۱۹ء میں تخت نشین ہوئے تھے۔ اور حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام ۲۶ر مئی ۱۹۰۸ء میں وفات پا چکے تھے۔ گویا آپ نے کم از کم اپنی وفات کے گیارہ بارہ سال بعد امیر امان اللہ خاں کو مندرجہ بالا پیغام بھیجا تھا۔ قارئین کرام اسی سے اندازہ کر لیں۔ کہ معاصر "تعمیر" کا یہ مزاحیہ کسی قدر علمی باتوں سے مزین ہے۔ سوال ہے کہ کیا اسلام کا دفاع اب ایسے ہی تاریخ دان مزاح نویسوں پر آ رہا ہے۔ اور مولوی شبیر احمد صاحب کے رسالہ "الشہاب" کی وکالت ایسی ہی غلط بیانیوں کی مرہون ہونی چاہیئے۔

یاد رہے۔ کہ استہزا و تمسخر سے احمدیت کا تو کچھ نہیں بگڑتا۔ البتہ اس سے آپ کا اسلامی جذبہ ضرور مشکوک ہو جاتا ہے۔ ہمیں اس سے کوئی رنج نہیں۔ کہ آپ احمدیت کے سخت دشمن ہیں۔ اور نہ ہم احمدیت کی جارحانہ سے جارحانہ تنقید سے گھبراتے ہیں۔ بلکہ ہم ایسی تنقید کو جو متانت اور سنجیدگی سے کی جائے۔ خوش آمدید کہتے ہیں۔ اس لئے کہ ایسی تنقید کرنے والا ممکن ہے کہ اگر ہم غلطی پر ہیں۔ تو ہماری غلطی ہم پر واضح کر دے۔ لیکن استہزاء یا تمسخر تو احمدیت کی کھلم کھلا تائید ہے۔ کیونکہ اکثر سنجیدہ پڑھنے والا یا سننے والا یہی اثر لیتا ہے کہ احمدیت کے خلاف دلائل کی کمی استہزار اور تمسخر سے پوری کی جا رہی ہے۔

پھر اگر معاصر نے رسالہ "الشہاب" کا مطالعہ کیا ہوتا۔ تو اس کو معلوم ہو جاتا۔ کہ اس رسالہ کا موضوع پاکستان کے مفاد کے سخت خلاف ہے۔ ہم الفضل میں موقر معاصر ہفت روزہ "رفتار زمانہ" کا ایک افتتاحیہ شائع کر رہے ہیں۔ جس کے مطالعہ سے واضح ہو جائے گا۔ کہ ہمارے سوا پاکستان کے دوسرے بہی خواہوں کے نزدیک بھی یہ رسالہ پاکستان کے قیام و استحکام کے لئے سخت خطرناک ہے۔ کوئی حکومت خواہ اس کو کتنا ہی مقدس نام کیوں نہ دیا جائے۔ بے گناہوں کے خون کی اجازت دے کر ایک پل کے لئے بھی زندہ نہیں رہ سکتی۔ قرآن کریم سنت رسول اللہ اور تاریخ عالم اس پر شاہد ہے۔

پاکستانی روپے کی قیمت میں کسی صورت کمی نہیں کی جائیگی

کراچی۔ ۱۱ر ستمبر۔ مسٹر لیاقت علی خاں نے آج ایک جلسۂ عام میں اس امر کا اعلان کیا۔ کہ پچھلے کئی مہینوں سے اس امر کی افواہیں پھیلائی جاری ہیں۔ کہ پاکستان کے روپے کی قیمت میں کمی کر دی جائے گی۔ ایک سال گزرا جب بہت سے ملکوں نے اپنی کرنسی کی قیمت میں کمی کی تھی۔ ہم نے فیصلہ کیا تھا۔ کہ ہم پاکستان کی کرنسی کی قیمت میں کمی نہیں کریں گے۔ ہم نے یہ فیصلہ نہایت احتیاط سے کیا تھا۔ اور یہ فیصلہ اپنی مالی پوزیشن کا اچھی طرح جائزہ لینے کے بعد کیا تھا۔ حال ہی میں جب ہم بین الاقوامی مالی امداد کے فنڈ کے ممبر بنے۔ ہم نے اپنی شرح تبادلہ سے بین الاقوامی فنڈ کو مطلع کیا۔ یہ سوال اب زیر غور ہے۔ ابھی انہوں نے ہمیں کچھ نہیں کہا۔ جب وہ ہمیں جواب دیں گے۔ ہم پھر اس پر غور کریں گے۔ ایک بات واضح کرنا چاہتا ہوں۔ کہ ہم نے اپنی یہ غیر مبہم الفاظ میں کہہ دیا ہے۔ کہ ہمارے روپیہ کی قیمت بالکل ٹھیک اور درست ہے۔

پاکستان کے دشمنوں کو ہم برداشت نہیں کریں گے (مسٹر لیاقت علیخاں کا اعلان)

کراچی ۱۱ر ستمبر۔ وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں نے ایک جلسۂ عام میں جو قائد اعظم کی دوسری برسی کے موقع پر منعقد ہوا۔ تقریر کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ دو سال گزرے۔ قائد اعظم ہم سے جدا ہوئے۔ بلکہ ان کا جسدِ خاکی ہم سے جدا ہوا۔ میں نے جان بوجھ کر یہ کہا ہے۔ کیونکہ میں جانتا ہوں۔ کہ قائد اعظم کی روح زندہ ہے۔ اور وہ اس وقت تک نہیں مر سکتی۔ جب تک پاکستان زندہ ہے۔ انشاء اللہ پاکستان بھی ابدالآباد تک زندہ و پائندہ رہے گا۔ یہ ضروری نہیں۔ کہ میں آپ کو بتاؤں۔ کہ قائد اعظم کس قدر عظیم شخصیت تھے کیونکہ یہ مسلمہ امر ہے۔ کہ وہ اتنی بڑی شخصیت تھی۔ کہ اس قسم کے چند آدمی ہی اس دنیا میں پیدا ہوئے ہیں۔ آج میں آپ سے پوچھتا ہوں۔ اور اپنے آپ سے بھی: کیا آپ کو وہ سبق یاد ہے۔ جو قائد اعظم نے ہمیں دیا تھا۔ کیا آپ نے ان اصولوں کو ضابطۂ حیات بنایا۔ جن کی انہوں نے تلقین کی تھی۔ اپنے دلوں کو ٹٹول ٹٹول کر دیکھو۔ کہ آیا آپ نے ان اصولوں کے مطابق کام کیا۔ اپنے دلوں کو ٹٹول کر دیکھیے۔ کہ دو سال پہلے قائد اعظم کی زندگی میں ہم میں جو اتحاد تھا۔ کیا وہ آج ان کی موت کے دو سال بعد بھی قائم ہے۔ کیا اب بھی پاکستان پر اس قدر ایمان ہے۔ جس قدر دو سال قبل تھا۔

معاف کیجیئے گا اگر میں یہ کہوں۔ کہ پاکستان کے دشمن نہایت احتیاط سے مسلسل آپ پر حملے کر رہے ہیں۔ اس کے بعد آپ نے قائد اعظم کی تقریر کا ایک حصہ پڑھ کر سنایا۔ اور اس کے بعد آپ نے فرمایا۔ کہ یہ وہ لفظ ہیں۔ جو قائد اعظم نے اس وقت کہے تھے۔ جو آج بھی درست ہیں۔

"میں آپ کو انتباہ کرتا ہوں۔ کہ آپ پاکستان کے دشمنوں سے خبردار رہیں۔ میں چاہتا ہوں۔ کہ آپ ان کی چالوں میں نہ آئیں۔ بدقسمتی سے اس وقت آپ میں چند لوگ ایسے ہیں۔ جو مسلمان ہونے کے باوجود پاکستان کو تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ اور اس کے عوض میں انہیں پاکستان کے دشمنوں سے اچھا خاصا معاوضہ ملتا ہے۔ میں ان کو انتباہ کرتا ہوں۔ کہ وہ غلط فہمی میں مبتلا ہیں ہم اس قسم کی غداری اور بغاوت کو برداشت نہ کریں گے۔ میں آپ کو انتباہ کرتا ہوں۔ کہ اگر انہوں نے اپنی قابل اعتراض سرگرمیوں کو ختم نہ کیا۔ حکومت پاکستان اور مشرقی بنگال کی حکومت مجبور ہو جائیگی۔ ان کے ساتھ مناسب سلوک کیا جائے۔"

میں خلوص سے سمجھتا ہوں۔ کہ رائے کا اختلاف ہو سکتا ہے۔ سیاسی جماعتیں قائم کرنے کا سوال کھڑا کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلہ میں میں چاہتا ہوں۔ کہ واضح کروں۔ کہ پاکستان دس سالہ کوششوں کا نتیجہ ہے۔ اور یہ کوشش مسلم لیگ نے کی۔ بعض ایسے لوگ بھی تھے۔ جنہوں نے آزادی کی اس جنگ میں قطعی حصہ نہ لیا۔ لیکن ان کی رکاوٹوں کے باوجود یہ آزادی کی جنگ جاری رہی۔

مسلم لیگ قائد اعظم کی ایک امانت ہے۔ کیا یہ آپ کا فرض نہیں۔ کہ اس امانت کی حفاظت کی جائے؟ کیا ہم یہ کام دوسری سیاسی جماعتوں پر چھوڑ دیں۔ یا افراد پر جن کا مستقبل تاریک اور سیاہ ہے۔ کیا آپ کا پاکستان پر اعتماد ہے؟ کیا آپ چاہتے ہیں۔ کہ مشرقی بنگال یا پاکستان کا کوئی حصہ ہندوستان میں شامل ہو۔ کیا آپ پاکستان کی تعمیر نہیں چاہتے۔ آج اس نازک مرحلے پر آپ کا فرض نہیں۔ کہ تمام مسلمان مسلم لیگ کے جھنڈے تلے جمع ہو جائیں۔ کیونکہ مسلم لیگ ہی پاکستان کی محافظ ہے۔

سید قاسم رضوی کو عمر قید کی سزا دیدی گئی

حیدر آباد ۱۱ر ستمبر۔ سید قاسم رضوی کو آج دو الزامات پر عمر قید کی سزا دی گئی۔ آج سپیشل ٹریبونل نے سید قاسم رضوی کو بی بی نگر کے ڈاکہ کا مجرم گردانتے ہوئے سات سال قید سخت کی سزا دی۔ سید قاسم رضوی نے سزا کا حکم نہایت اطمینان سے سنا۔ اور ٹریبونل کا شکریہ ادا کیا۔ آج جب فیصلہ سنانے کے لئے اجلاس منعقد ہوا۔ تو کمرہ عدالت کے ارد گرد مسلح پولیس کا خاص پہرہ تھا۔ آج فیصلہ سننے کے لئے کمرہ عدالت کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ عورتوں کی کافی تعداد مقدمہ کا فیصلہ سننے کے لئے حاضر تھی۔ ٹریبونل نے سید قاسم رضوی کو شعیب اللہ ایڈیٹر امروز کے قتل کا ملزم گردانا۔ ٹریبونل نے اس امر کا فیصلہ کیا۔ کہ دونوں سزائیں ایک ساتھ شروع ہوں گی۔

تعلیم الاسلام کالج لاہور

تعلیم الاسلام کالج لاہور میں تھرڈ ایئر (بی۔ اے بی۔ ایس۔ سی) اور ایم۔ اے ایم۔ ایس سی کلاسز کے نئے سال کا داخلہ ۲۰ر ستمبر ۱۹۵۰ء سے شروع ہوگا۔ اور دس روز تک جاری رہے گا داخل ہونے والے طلباء اپنے تصدیقی سارٹیفکیٹ کالج کے مجوزہ فارم کے ساتھ لگا کر پیش کریں۔ کالج پراسپکٹس دفتر سے حاصل کریں۔ (پرنسپل)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

گشتی چٹھیوں کی لغویت

مومنوں کو جھوٹے لالچوں اور دھمکیوں سے متاثر نہیں ہونا چاہیئے

از حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم۔ اے

ایک عرصہ سے ہمارے ملک میں یہ لغویت شروع ہے کہ کوئی شخص ایک گمنام چٹھی اپنے چند دوستوں اور واقف کاروں کے نام لکھ کر بھجوا دیتا ہے۔ اور اس چٹھی میں اپنے مخاطبین سے درخواست کرتا ہے کہ آگے وہ بھی اسی طرح اپنے اتنے دوستوں اور واقف کاروں (عموماً یہ تعداد نو ہوتی ہے) کے نام اس چٹھی کا مضمون لکھ کر بھجوا دیں۔ اور اس طرح یہ گمنام چٹھی ملک میں "چکر" لگاتی پھرتی ہے۔ چٹھی کا مضمون عموماً کسی نصیحت یا مسنون دعا وغیرہ پر مشتمل ہوتا ہے (گو بعض اوقات اس کے علاوہ بھی ہوتا ہے) اور اس کے ساتھ یہ بشارت اور انذار درج ہوتا ہے۔ کہ اگر آپ نے اس چٹھی کا مضمون آگے جاری کر دیا تو اتنے عرصہ کے اندر اندر (یا بلا تعین عرصہ) آپ کو کوئی غیر معمولی فائدہ پہونچے گا ورنہ اس عرصہ میں آپکو کسی بھاری نقصان کے لئے تیار رہنا چاہیئے وغیرہ وغیرہ اور سادہ لوح اور توہم پرست لوگ بعض اوقات اس چٹھی کے مضمون سے متاثر ہو کر اور بعض اوقات اس کے بشارت کے پہلو سے لالچ میں آکر۔ اور بعض اوقات اس کے انذار اور دھمکی سے ڈر کر اس چٹھی کے مضمون کو اسی طرح کی گمنام چٹھیوں کے ذریعہ آگے جاری کر دیتے ہیں۔ اور اس طرح یہ لغویت کا "چکر" قائم رہتا ہے اور محکمہ ڈاک کے سوا کوئی فرد یا ادارہ اس دَور تسلسل سے فائدہ نہیں اٹھاتا۔ گو یہ علیحدہ بات ہے کہ بعض توہم پرست لوگوں کو بعض فرضی فوائد یا خیالی نقصانات نظر آنے لگ جاتے ہوں

چونکہ ایسی گمنام چٹھیاں بعض اوقات مجھے بھی پہونچی ہیں اس لئے مجھے شبہ ہوتا ہے کہ شائد ہماری جماعت کے بعض سادہ مزاج نوجوان بھی اس "چکر" میں پھنس گئے ہوں گے۔ گو یہ بھی ممکن ہے کہ یہ نظر عنایت کسی غیر از جماعت دوست کی طرف سے ہو جسے مجھے بھی اس مخفی تجارت کے فوائد سے متمتع کرنا چاہا ہو۔ بہرحال خواہ ان چٹھیوں کا لکھنے والا کوئی ہو۔ میں دوستوں سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک سراسر لغو اور بے ہودہ کام ہے جس سے تمام سمجھدار لوگوں کو پرہیز کرنا چاہیئے۔ اور اس کی لغویت کو سمجھنے کے لئے صرف چند سادہ سی دلیلیں کافی ہیں:۔

(۱) سب سے پہلی اور ضروری بات یہ ہے کہ یہ دعوےٰ کرنا کہ ایسا کرنے سے فائدہ ہوگا۔ اور ایسا نہ کرنے سے نقصان ہوگا۔ یہ تو صرف خدا کا کام ہے۔ جو دنیا کی تقدیر کا خالق و مالک ہے۔ اور یا پھر یہ ان لوگوں کا کام ہے جو خدا کے قانون قضا و قدر یا قانون شریعت کو سمجھ کر ان قانونوں کے ماتحت لوگوں کو بھلائی اور برائی کا رستہ بتاتے ہیں اس کے سوا کسی اور شخص کو یہ حق یا اختیار حاصل نہیں کہ وہ خدائی تقدیر کا مالک و متصرف بنکر اس قسم کا دعوےٰ کرے کہ اگر یوں کروگے تو یہ ہوگا اور اگر یوں نہ کروگے تو وہ ہوگا بیشک ایک عالم دین یہ کہنے کا حق رکھتا ہے کہ اگر خدا کی خاطر نماز روزہ ادا کروگے تو روحانی رنگ میں یہ یہ فائدہ ہوگا۔ اور اگر ان اعمال کی طرف سے سستی اور غفلت برتوگے تو روحانیت کو نقصان پہونچے گا۔ اور اسی طرح ایک عالم اقتصادیات یہ کہنے کا حق رکھتا ہے کہ اگر اپنے کاروبار میں دیانت و محنت کے ان ان اصولوں کی پابندی اختیار کروگے تو فائدہ ہوگا۔ اور اگر ان کی طرف سے غفلت برتوگے تو نقصان ہوگا۔ کیونکہ یہ دونوں باتیں ہمارے خدا کی بتائی ہوئی تقدیر (خواہ وہ شریعت کی تقدیر ہے یا قضا و قدر کی) کا حصہ ہیں لیکن اس کے سوا کسی شخص کو یونہی استبدادی رنگ میں اپنے من گھڑت اصول کے ماتحت یہ دعوےٰ کرنے کا اختیار نہیں کہ اس رستہ پر چلنے سے فائدہ ہوگا۔ اور اس رستہ پر چلنے سے نقصان ہوگا۔ بلکہ حق یہ ہے کہ ایسے لوگ اس قرآنی وعید کے ماتحت آتے ہیں کہ قتل الخرّاصون الذین هم فی غمرة ساهون "یعنی ان اٹکل باز لوگوں کے لئے تباہی اور بربادی ہے جو جہالت کی غشیوں میں مبتلا ہو کر بھولے پھرتے ہیں"

(۲) دوسری دلیل اس طریق کے باطل ہونے کی اس کی مخصوص راز داری ہے۔ اگر یہ واقعی ایک نیکی کی بات ہے۔ جس کا اختیار کرنا فائدہ کا موجب اور اس کا ترک کرنا نقصان کا باعث ہے۔ تو کیا وجہ ہے کہ ایسے لوگ اپنا نام ظاہر کرکے کھلے میدان میں نہیں آتے؟ کیا آج تک دنیا میں کوئی رسول یا مصلح ایسا بھی گزرا ہے کہ وہ خود تو برقعہ پہن کر پیچھے بیٹھ گیا ہو۔ اور گمنام اعلانوں کے ذریعہ لوگوں کے نام بشارت اور انذار کے پیغامات جاری کرتا رہے۔ بس کمیونزم کے فولادی پردہ (آئرن کرٹین) کی طرح دراصل یہ راز داری ہی اس کے جھوٹا ہونے کی دلیل ہے

(۳) اس طریق میں مال کا ناواجب ضیاع بھی ہے کہ جو بات ایک اخباری اعلان کے ذریعہ بڑی آسانی کے ساتھ بغیر کسی خرچ کے ہزاروں لوگوں تک پہونچائی جا سکتی ہے۔ وہ خطوں اور پوسٹ کارڈوں کے ذریعہ سینکڑوں روپیہ خرچ کرکے پہونچائی جاتی ہے۔ اور اس راز داری کے چکر میں بسا اوقات ایک شخص کو ہی کئی کئی خط پہونچ جاتے ہیں۔

(۴) اس کے نتیجہ میں توہم پرستی بھی پیدا ہوتی ہے۔ اور نیک و بد کاموں کی عقلی بنیاد کی بجائے وہم کا مرض ترقی کرتا اور خیالی امیدوں اور خیالی اندیشوں کا چکر قائم ہو کر انسانی دماغ کے اردگرد ایک جوئے کا سا ماحول پیدا کر دیتا ہے۔

(۵) یہ طریق عملاً بھی باطل ثابت ہوتا ہے مثلاً مجھے ایسے خطوط کئی دفعہ پہونچے ہیں اور میں نے دانستہ ہر دفعہ انہیں پھاڑ کر ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا ہے۔ اور ہر دفعہ بقول شخصے "انتظار" کیا ہے کہ خط کے اندر درج شدہ وعید کب آتا ہے۔ لیکن آج تک خدا کے فضل سے اس وعید کے حملہ سے محفوظ رہا ہوں اور انشاء اللہ آئندہ بھی رہوں گا۔ اور میں امید کرتا ہوں کہ اگر دوسرے لوگ بھی غور کریں تو انہیں بھی یہی نظر آئے گا۔ کہ ایسے خطوں کے "وعدے اور وعید" سب محض خیالی بُت ہیں جنہیں سچے مسلمانوں کو اپنے دل کے کعبہ سے اس دعا کے ساتھ نکال پھینکنا چاہیئے کہ قل جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل کان زهوقا۔ اسلام میں ان لغویات کے لئے کوئی جگہ نہیں۔

(۶) کہا جا سکتا ہے کہ ان خطوں میں بعض اوقات نیک باتیں بھی درج ہوتی ہیں۔ میں مانتا ہوں کہ بظاہر یہ درست ہے۔ اور میں نے ایسے خطوں میں عام نیک باتوں کے علاوہ مسنون دعائیں بھی دیکھی ہیں۔ لیکن کیا اگر شیطان کسی نیک انسان کا جبّہ پہن کر آجائے تو اسے دوست سمجھا جا سکتا ہے؟ آخر وہ شیطان ہی تو تھا جو ایک دفعہ حضرت معاویہؓ کو صبح کی نماز کے لئے جگانے آیا تھا مگر اس کی وجہ سے وہ ولی اللہ نہیں بن گیا بلکہ شیطان کا شیطان ہی رہا۔ اور اس کی نیت بھی حضرت معاویہ کو ایک بڑے ثواب سے محروم کرنا تھی گو بظاہر اس کی تحریک نیک تھی۔ اور پھر کیا قرآن شریف یہ نہیں فرماتا کہ اذا جاءك المنافقون قالوا نشهد انك لرسول الله والله یعلم انك لرسوله والله یشهد ان المنافقین لکاذبون "یعنی اے رسول جب تیرے پاس منافق لوگ آتے ہیں تو بڑے بڑے دعووں کے ساتھ کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ خدا کے رسول ہیں خدا جانتا ہے کہ تو بلا ریب اس کا رسول ہے مگر خدا اس کے ساتھ یہ بھی گواہی دیتا ہے کہ یہ منافق لوگ بہرحال اپنے اس دعوے میں جھوٹے اور کذاب ہیں" اس آیت سے پتہ لگتا ہے کہ بعض اوقات ایک بات اپنی ذات میں سچی ہوتی ہے۔ مگر چونکہ وہ ایک شخص کے مونہہ سے جھوٹے طور پر نکلتی ہے اس لئے خدا کے نزدیک ایسے دعوے کا کوئی وزن نہیں ہوتا۔ اور خدا اس بات کے کہنے والے کو برملا طور پر جھوٹا قرار دیتا ہے۔ پس خواہ اس قسم کے گمنام خطوں کا اصل مضمون سچا ہی ہو ہم ان خطوں کے لکھنے والوں کو بہرحال جھوٹا کہیں گے کیونکہ انہوں نے رستہ جھوٹا اختیار کیا۔ حق یہ ہے کہ مومنوں کو اسلام کی تعلیم کی حفاظت کے لئے شیطان کی ہر تحریک کے مقابلہ پر چوکس رہنا چاہیئے۔ خواہ وہ ان کے سامنے کوئی لباس پہن کر آئے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے:

بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش
من انداز قدت را می شناسم

(۷) آخری بات یہ ہے کہ بعض لوگ کہا کرتے ہیں۔ کہ اگر ایسے خطوں میں کوئی نیک بات یا مسنون دعا لکھی ہو تو کیا ہم اس پر بھی عمل نہ کریں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اگر کسی خط میں ایسی بات لکھی ہو کہ جو قرآن و حدیث سے صراحتہً ثابت ہے تو اس پر ضرور عمل کرو۔ مگر اس لئے نہیں کہ یہ بات خط لکھنے والے نے لکھی ہے۔ بلکہ اس لئے کہ اس کا حکم خدا اور اس کے رسول نے دیا ہے۔ لیکن اگر اس میں کوئی ایسی عام قسم کی نیک بات لکھی ہو جو قرآن و حدیث میں صراحتہً مذکور نہیں۔ تو بہتر یہ ہے کہ اس وقت اسے نظر انداز کر دیا جائے اور اس پر عمل نہ کیا جائے۔ خواہ وہ بظاہر اچھی بات ہی ہو۔ کیونکہ اس طرح دل میں ایک مخفی زنگ لگنے کا امکان ہے اور باطل تحریک کے ساتھ تعاون کا رنگ پیدا ہوتا ہے۔ باقی رہا ایسے خطوں کے مضمون کو گمنام چٹھیوں کے ذریعہ آگے چلانا سو یہ بہرحال ایک لغو اور بے ہودہ فعل ہے جس سے ہر حال میں پرہیز لازم ہے اور ایسے خطوں کے لکھنے سے مخفی انعاموں کی امید رکھنا اور ان کے نہ لکھنے سے مصائب اور حوادث کا خوف کھانا تو ایک خطرناک قسم کی توہم پرستی اور دماغی قمار بازی کے سوا کچھ نہیں۔ جس سے ہمارے دوستوں کو اسی طرح دور بھاگنا چاہیئے جس طرح کہ وہ دوسری شیطانی تحریکوں سے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Digitized by Khilafat Library Rabwah

داخلی امن وامان کیلئے حکومتِ پاکستان کا ایک مستحسن اقدام

مندرجہ بالا عنوان کے ماتحت مؤقر معاصر ہفت روزہ "رفتارِ زمانہ" نے ایک اڈیٹوریل رسالہ "الشہاب" کی ضبطی کے متعلق سپردِ قلم کیا ہے۔ ہم شکریہ کے ساتھ اس اڈیٹوریل کو تمام کا تمام بلا تبصرہ افادۂ عام کے لئے ذیل میں درج کرتے ہیں:۔

حکومت پنجاب نے "الشہاب" نامی رسالہ کی طباعت و اشاعت ممنوع قرار دے دی ہے۔ حکومت کے اس حکم کے خلاف جو داخلی امن وامان برقرار رکھنے کیلئے جاری کیا گیا ہے۔ انتشار پسند عناصر کی طرف سے نہایت مذموم قسم کا پراپیگنڈا کیا جا رہا ہے اور زمین و آسمان کے قلابے ملا کر حکومت کے اس اقدام کو خلافِ اسلام ثابت کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ معزز معاصر "آزاد" اور "قاصد" جو علی الترتیب مجلس احرار اور جماعت اسلامی کے آرگن ہیں۔ ان انتشار پسند عناصر کی ترجمانی میں پیش پیش ہیں۔ انہوں نے تین چار باتوں کو عجیب انداز میں ہوا دے کر عوام کو مغالطہ دینے کی کوشش کی ہے چنانچہ کہا گیا ہے کہ:۔

(۱) یہ رسالہ شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی کا لکھا ہوا ہے۔

(۲) انگریزوں تک نے اسے اپنے دورِ حکومت میں ضبط کرنا ضروری نہ سمجھا۔

(۳) اس حکم کی زد "الشہاب" پر نہیں بلکہ شریعتِ اسلامیہ پر پڑتی ہے وغیرہ وغیرہ۔

جہاں تک پہلے سوال کا تعلق ہے ہم یہ واضح کر دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ یہ رسالہ شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی کا لکھا ہوا نہیں ہے بلکہ اسے آج سے بیس سال قبل مولوی شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبندی نے لکھا تھا۔ یہ کہنا کہ اس رسالہ کو شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ نے لکھا ہے اس لئے درست نہیں کہ اس سے عوام کے ذہنوں پر یہ اثر ڈالنا مقصود ہے کہ گویا شیخ الاسلام نے مسلم لیگ میں شمولیت اور قیام پاکستان کے بعد اسے تحریر کیا تھا۔ حالانکہ یہ رسالہ انگریزوں کے زمانے میں آج سے بیس سال قبل لکھا گیا اور اسے لکھا بھی مولوی شبیر احمد عثمانی دیوبندی نے جو اس وقت خود مسلم لیگ کو انگریز کا خود کاشتہ پودا کہتے تھے ان کے نزدیک مسلم لیگ کے لیڈر اسلام اور مسلمانوں کے دشمن تھے۔ ظاہر ہے کہ اس وقت کے مولوی شبیر احمد دیوبندی کو اس زمانے کے شیخ الاسلام حضرت شبیر احمد عثمانی سے کیا نسبت ہو سکتی ہے؟ کہ جو خاص مسلم لیگ کے حاصل کردہ پاکستان میں شیخ الاسلام کے لقب سے نوازے گئے۔ اگر اس زمانے کے مولوی شبیر احمد دیوبندی اور شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی میں کوئی فرق نہیں ہے۔ تو کیا آج شیخ الاسلام ہونے کی حیثیت سے ان کے وہ اقوال ہمارے لئے حجت ہو سکتے ہیں جو انہوں نے مسلم لیگ میں شمولیت سے قبل مسلمانوں کی اس سیاسی تنظیم حضرت قائد اعظم کی ذاتِ والاصفات اور مطالبہ پاکستان کے خلاف کہے؟ ظاہر ہے نہیں اور ہرگز نہیں۔ پس اس زمانے کے مولوی شبیر احمد دیوبندی اور موجودہ وقت کے شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ جو لوگ اس فرق کو مٹا کر ان کے سابقہ اقوال اور روش کو پاکستانی مسلمانوں کے لئے حجت قرار دینا چاہتے ہیں وہ صریحاً مغالطہ دہی سے کام لے رہے ہیں۔

علاوہ ازیں اس لحاظ سے بھی اس رسالے کو حضرت شیخ الاسلام کی طرف منسوب کرنا درست نہیں ہے کہ انہوں نے اس حال میں مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی تھی کہ مسلمانانِ برصغیر کی اس واحد سیاسی تنظیم میں جملہ فرقہ ہائے اسلام بلاتفریق و امتیاز شامل تھے۔ حضرت قائد اعظم نے جیتے جی کبھی کسی پر لیگ کے دروازے بند نہیں کئے۔ جس نے کہا میں مسلمان ہوں، قائد اعظم نے اسے سینے سے لگا لیا۔ ایسے حال میں حضرت شیخ الاسلام نے لیگ کی رکنیت قبول کی۔ اس کے قوانین و ضوابط کی پابندی اپنے اوپر لازم گردانی۔ اور اس کے اغراض و مقاصد کے حصول میں کوشاں رہے۔ پھر قیام پاکستان کے بعد امورِ مملکت میں قائد اعظم نے بلاتفریق و امتیاز ہر مسلمان کہلانے والے کو خدمت کا موقعہ دیا اور کسی کو بشرطیکہ وہ اہل تھا فرقہ وارانہ تفریق کی بنا پر ردّ نہ کیا۔ اور نہ کسی کو گردن زدنی ٹھہرایا۔ حضرت شیخ الاسلام قائد اعظم کی ایک ایک حرکت کی تصدیق فرماتے تھے اور اسی کے ساتھ مسلمانوں کی فلاح و نجاح کو وابستہ سمجھتے رہے۔ تو گویا مسلم لیگ کے اصولوں کو اپنانے کے بعد مولوی شبیر احمد عثمانی دیوبندی میں ایک انقلاب عظیم آیا۔ پہلے انہوں نے اپنی سابقہ روش اور اقوال سے ارتداد اختیار کیا۔ اور پھر مسلم لیگ میں شامل ہوئے۔ اسی لئے ہم دیکھتے ہیں کہ چونکہ "الشہاب" ایسے رسالہ کی اشاعت پاکستان کے مفاد اور مسلم لیگ کے اصولوں کے سراسر منافی تھی اس لئے حضرت شیخ الاسلام نے مولوی شبیر احمد عثمانی دیوبندی کی اٹھارہ بیس سال پہلے کی تحریر کو دوبارہ شائع کرنا اور اس کی اشاعت کا انتظام فرمانا مناسب نہ سمجھا اور اس سے محترز ہی رہے۔ لیکن آج جبکہ حضرت قائد اعظم اور حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی اس دارِ فانی سے رحلت فرما چکے ہیں بعض دشمنانِ پاکستان اس تحریر کو شائع کر کے حضرت شیخ الاسلام کے نام کو غلط طور پر استعمال کرنا چاہتے ہیں اور مطلب براری کے لئے مولوی شبیر احمد دیوبندی کو حضرت شیخ الاسلام کی شکل میں پیش کر کے پاکستان کے اندر ایسے حالات پیدا کرنے پر تلے ہوئے ہیں کہ جن میں حکومت کے لئے اندرونی امن قائم رکھنا مشکل ہی نہیں، ناممکن ہے۔

اس رسالے کی ضبطی پر سیخ پا ہونے والوں نے یہ ڈھنڈورہ بھی پیٹا ہے کہ برطانوی دورِ حکومت میں تو اسے ضبط نہیں کیا گیا لیکن پاکستان کی اسلامی حکومت نے خلافِ توقع اس کی ضبطی کے احکام صادر فرما دیئے ہیں۔ انگریز کا حوالہ دوسرا مغالطہ ہے جو اس ضمن میں دیا جا رہا ہے۔ انگریز کا کوئی فعل آج ہم پر حجت نہیں ہو سکتا۔ وہ اپنی مصلحتوں کے تحت بساطِ سیاست پر مُہرے چلا کرتا تھا اور اس کی یہ کوشش ہوا کرتی تھی کہ کسی طرح اس ملک کے باشندے آپس میں برسرِ پیکار رہیں اور اس کی اپنی دوکان چلتی رہے۔ چنانچہ ہندوستان کی برطانوی حکومت کو کیا ضرورت تھی کہ وہ ایسے رسالے کو ضبط کرتی جس میں مسلمانوں کے ایک فرقے کو مرتد گردان کر انہیں واجب القتل قرار دیا گیا تھا۔ یہ چیز تو اس کی اپنی خواہش کے مطابق لوگوں کو باہم لڑوانے والی تھی۔ انہیں ایک دوسرے کے خلاف اکسا کر انہیں باہم متحد ہونے سے روکنے والی تھی وہ اس کو کیوں ضبط کرتی؟ اب زمانہ اور ہے مسلم لیگ کی حکومت میں انتشار اور فتنہ و فساد پھیلانے والوں کو ایک لمحہ کیلئے برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ قائد اعظم کے اپنے الفاظ میں ہمیں آج پہلے سے بھی زیادہ متحد رہنے کی ضرورت ہے۔ ایسے حالات میں ملک کے اندر فتنہ و فساد کی طرح ڈالنے والوں کی تخریبی سرگرمیوں کو جن میں سے ایک پورے بیس سال کے بعد حاشیہ آرائیوں کے ساتھ "الشہاب" کی اشاعت بھی ہے کچلنا نہایت ضروری ہے۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ ایسے لوگوں کو کھلی چھٹی دینا قومی و ملکی مفاد سے غداری کرنے کے مترادف ہے۔ پس اس موقعہ پر انگریز کا حوالہ دینا جو خود اس قسم کے اختلافات کو ہوا دے کر اپنا الّو سیدھا رکھنا چاہتا تھا محض شرارت ہے جس میں نیک نیتی کا کوئی شائبہ نظر نہیں آتا۔

اب ہم حکومتِ پاکستان کے خلاف شور مچانے والوں کے تیسرے اعتراض کی طرف آتے ہیں جو نہایت اہم ہے۔ معاصر "آزاد" اور "قاصد" نے لکھا ہے کہ ضبطی کے متعلق حکومت کے اس اقدام کی زد "الشہاب" پر نہیں بلکہ شریعتِ اسلامیہ پر پڑتی ہے۔ ہمارے نزدیک یہ سب سے بڑا مغالطہ ہے جو اس ضمن میں پاکستان کے صلح جو و امن پسند شہریوں کو دیا جا رہا ہے اور جس کے ذریعہ انہیں تشدد پر اکسانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ قتل مرتد کے عقیدے کو اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ یہ خاص اس دور کے علما کی ایجاد ہے۔ قرآن مجید کی کوئی ایک آیت ایسی پیش نہیں کی جا سکتی جس میں مرتدین کو قتل کر دینے کا اشارہ بھی پایا جاتا ہو۔ بھلا قرآن جیسی کامل ترین شریعت ایسے عقیدے کی کیونکر تعلیم دے سکتی ہے کہ جو اسلام کی بنیادوں کو جڑوں سے ہلا دینے والا ہو۔ اگر بفرض محال یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ اسلام میں مرتد کی سزا قتل ہے تو پھر اسلام وہ اسلام نہیں رہتا جسے قریباً آج سے چودہ سو سال پیشتر خدا تعالیٰ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی معرفت اس دنیا میں قائم کیا تھا۔

انبیاء علیہم السلام کی بعثت کی غرض دنیا میں عدل و انصاف قائم کرنا ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے:۔

ولقد ارسلنا رسلنا بالبینات
وانزلنا معھم الکتاب والمیزان
لیقوم الناس بالقسط

"ہم نے اپنے رسولوں کو روشن دلیلوں کے ساتھ بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب و میزان کو اتارا تاکہ انسانیت عدل و قسط کی بنیاد پر قائم ہو۔"

یہی وجہ ہے کہ اسلام نے عدل کے قیام پر بہت زور دیا ہے۔ اور مسلمانوں کو یہاں تک تاکید کی ہے کہ وہ دشمنوں کے ساتھ معاملہ کرنے میں بھی انصاف کو ہاتھ سے جانے نہ دیں۔ چنانچہ ارشاد ہوتا ہے:۔

لا یجرمنکم شنان قوم
علیٰ الا تعدلوا اعدلوا
ھو اقرب للتقویٰ۔

"کہیں ایسا نہ ہو کہ کسی قوم کی دشمنی میں تم عدل کو ہاتھ سے چھوڑ بیٹھو"

بہرحال اسلام دوست دشمن کے ساتھ

عدل برتنے کی تعلیم دیتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اگر اس زمانے کے مولویوں کی طرح دوسرے مذاہب والے بھی یہ طریق اختیار کر لیں اور وہ بھی ہر اس شخص کو قتل کرنے کی ٹھان لیں جو شریعت حقہ پر ایمان لا کر حلقہ بگوش اسلام ہو تو عدل و انصاف کی رو سے ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا جس کا صاف مطلب یہ ہوگا کہ اسلام کی تبلیغ رک جائے گی اور وہ اسلام جو عالمگیر مذہب ہونے کا دعویدار ہے چند کروڑ نفوس کے درمیان محدود ہو کر رہ جائیگا۔ حالانکہ ابھی دنیا کی اکثریت اسلام سے برگشتہ ہے۔ پھر اسلام کا نام ہی اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اسلام صلح و آشتی کا مذہب ہے اور اس کا مقصود دنیا سے فتنہ و فساد کو مٹانا ہے۔ لیکن ارتداد اختیار کرنے والوں کو موت کے گھاٹ اتارنے سے ظلم کا جو دروازہ کھلتا ہے وہ اسلام کے اس دعویٰ کو باطل کر کے رکھ دیتا ہے کہ اسلام امن و سلامتی کا مذہب ہے۔ پھر اس غلط عقیدے کی موجودگی میں اسلام کا یہ دعویٰ کہ:

لَآ اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ (دین کے بارے میں جبر جائز نہیں) — اور:

مَنْ شَاءَ فَلْیُؤْمِنْ وَّمَنْ شَاءَ فَلْیَکْفُرْ (کہ جس کا جی چاہے مان لے اور جس کا جی چاہے نہ مانے) بے حقیقت ہو کر رہ جاتا ہے۔ وہ مذہب جس کی مزید تبلیغ رک جائے اور خود جس کے پیرو آزادیٔ ضمیر سے محروم ہو کر نت نئے وساوس کی بدولت منافقت کے جنگل میں بھٹکتے چلے جائیں بھلا دینِ فطرت کہلا سکتا ہے؟ اور اپنے اس دعویٰ میں حق بجانب قرار دیا سکتا ہے کہ وہ تمام دنیا کے لئے ہے اور ساتھ ہی تمام زمانوں پر حاوی ہے۔ پس یہ ایک عقیدہ ہی جسے اس زمانے کے مولوی صاحبان نے قتل مرتد کا نام دیا ہے اسلام کی جڑوں پر تبر رکھنے اور پاکستان میں فتنہ و فساد کا دروازہ کھولنے کے لئے کافی ہے۔ جب اسلام میں اس عقیدے کے لئے کوئی گنجائش نہیں اور قرآن مجید میں اس کے جواز کے لئے کوئی ایک آیت کا چھوٹے سے چھوٹا ٹکڑا بھی پیش نہیں کیا جا سکتا۔ تو پھر یہ کس قدر بددیانتی ہے کہ "الشہاب" کی غلطی کو قرآن و حدیث کی غلطی پر محمول کیا جائے۔

لے دے کر آج تک اس عقیدے کی تائید میں ایک آیت پیش کی گئی ہے اور وہ بھی بنی اسرائیل کے متعلق ہے جس میں ان کی سرتابی کے باعث انہیں قتل نفس کا حکم دیا گیا تھا۔ وہ آیت یہ ہے:

اِنَّکُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَکُمْ بِاتِّخَاذِکُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰی بَارِئِکُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَکُمْ۔

"یعنی اے بنی اسرائیل! تم نے بچھڑے کو معبود بنا کر اپنی جانوں پر ظلم کیا۔ اب توبہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرو اور اپنے نفسوں کو قتل کرو۔"

اس میں بنی اسرائیل کو خود حکم دیا گیا ہے کہ وہ اپنے آپ کو قتل کریں جو خودکشی پر دلالت کرتا ہے اور خودکشی دینِ خدا میں قطعی حرام ہے۔ پھر ایک مرتد کو جو دینِ حنیف سے پھر جائے اور اس کی تعلیمات پر اس کا ایمان نہ رہے۔ یہ حکم دینا کہ وہ اس جرم کی پاداش میں خودکشی کر لے بے معنی ٹھہرتا ہے۔ ظاہر ہے یہ قتل نفس اپنے اندر کچھ اور معنی رکھتا ہے اور وہ معانی وہی ہیں جو تفسیر کبیر، روح البیان، بحر المحیط اور مفردات راغب میں آئمہ نے کئے ہیں۔ یعنی نفسانی خواہشوں کا قلع قمع کرنا، شہوات کو مٹانا اور اپنے نفسوں کو خدا تعالیٰ کی فرمانبرداری میں فنا کرنا وغیرہ۔ پھر اس امر سے بھی ان معانی کی تائید ہوتی ہے کہ اس قتل نفس کا ذکر توبہ اور رجوع الی اللہ کے بعد کیا گیا ہے۔ پس اس آیت کو قتل مرتد کی تائید میں پیش کرنا کسی صورت میں بھی درست نہیں ہے۔ برخلاف اس کے قرآن مجید کی بیسیوں آیات ایسی پیش کی جا سکتی ہیں جن میں ارتداد اختیار کرنے والوں کو سزا دینے کا تمام معاملہ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ میں رکھا ہے اور انہیں اس سرتابی پر آخرت کے عذاب سے ڈرایا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہوتا ہے:

مَنْ شَاءَ فَلْیُؤْمِنْ وَّمَنْ شَاءَ فَلْیَکْفُرْ

"جس کا جی چاہے مانے جس کا جی چاہے نہ مانے"

گویا ہر شخص دین اختیار کرنے یا اس سے پھر جانے میں آزاد ہے۔ کیونکہ دین کا اختیار کرنا اس وقت تک عمل میں نہیں آ سکتا جب تک کہ وہ سابقہ دین سے نہ پھرے۔ ایمان کا تعلق تو دل سے ہوتا ہے۔ جب اپنی شومئی قسمت سے دل، ایمان سے خالی ہو جائے تو پھر کسی کو مسلمان رہنے پر مجبور کرنا اسے منافق بنانے کے مترادف ہے:

۲- اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَھُمُ الْھُدٰی لَنْ یَّضُرُّوا اللّٰہَ شَیْئًا۔

"بے شک جن لوگوں پر رستہ ظاہر ہو گیا اور ظاہر ہوئے پیچھے انہوں نے انکار کیا اور اللہ کے راستے سے انہوں نے روکا اور رسول کی مخالفت کی۔ خدا کو یہ لوگ کسی طرح نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔"

(۳) اِنَّ الَّذِیْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓی اَدْبَارِھِمْ مِّنْ بَعْدِ ..... الخ

"بے شک جن لوگوں کو دین کا سیدھا رستہ معلوم ہوا اور پھر بھی وہ الٹے پاؤں پھر گئے (یعنی مرتد ہو گئے) شیطان نے ان کو بتے دیے اور ان کی آرزوؤں کی رسیاں دراز کر دیں۔"

(۴) اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ کَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ کَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا کُفْرًا لَّمْ یَکُنِ اللّٰہُ لِیَغْفِرَ لَھُمْ وَلَا لِیَھْدِیَھُمْ سَبِیْلًا۔

"جو لوگ اسلام لائے پھر اسلام سے پھر بیٹھے (یعنی مرتد ہو گئے) پھر اسلام لائے۔ پھر اسلام سے پھر گئے اور (مرتد ہو جانے کے بعد) کفر میں بڑھتے گئے تو خدا ان کی مغفرت کرے گا اور نہ ان کو راہِ راست ہی دکھلائے گا۔"

